महाराष्ट्र शासन
शालेय शिक्षण व क्रीडा विभाग
राज्य शैक्षणिक संशोधन व प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र
७०८ सदाशिव पेठ, कुमठेकर मार्ग, पुणे ४११०३०
संपर्क क्रमांक (०२०) २४४७ ६९३८ E-mail: evaluationdept@maa.ac.in

---

# Question Bank

Standard:- 12th — جماعت:- بارہویں

Medium:- Urdu — میڈیم:-اردو

Subject:- OCM — مضمون:-OCM

ہدایت:-

۱- یہ سوالات کا بینک صرف طلبہ کے لئے مثالی سوالیہ پرچے حل کرنے کی مشق کے لیے ہی دیے جارہے ہیں-

۲ -اس بات کو ذہن نشین رکھیں کہ بورڈ امتحانات کے سوالیہ پرچوں میں یہی سوالات نہیں آئیں گے--

# نمونے کے سوالات برائے بارھویں بورڈامتحان

## مضمون:O.C.M

**سوال نمبر۱(A) صحیح متبادل کی مدد سے خانہ پُری کیجئے۔(Select the Correct Option) (5*1=5)**

۱)۔۔۔۔۔۔۔۔کو جدید انتظامیہ کا باپ کہا جاتا ہے۔

(الف)ہنری فیول (ب)ایف ڈبلیو ٹیلر

(ج)فلپ کوٹلر (د)ٹُومس اینڈ بِٹ نر

۲)انتظامیہ کے کام کا اختتام۔۔۔۔۔۔۔۔سے ہوتا ہے۔

(الف)ہدایت کاری (ب)عملہ کاری

(ج) قابو کاری (د)منصوبہ بندی

۳)ہندوستان شروع کرو(Startup India)۔۔۔۔۔۔۔۔ کی پہل ہے۔

(الف) RBI (ب)حکومت ہند

(ج)عالمی بینک (د) ضلعی حکومت

۴)جلد خراب ہونے والی اشیاء کے لیے۔۔۔۔۔۔۔۔گودام مناسب ہے۔

(الف) محصولی گودام (ب)سرد خانہ

(ج)حکومتی (د)نجی

۵)آن لائن خریداری میں گاہک اشیاء کو۔۔۔۔۔۔۔میں محفوظ رکھتا ہے۔

(الف)شاپنگ مال (ب)شاپنگ کارٹ

(ج)شاپنگ بیگ (د)شاپنگ سینٹر

۶)تجارتی تنظیم کو قدرتی وسائل کا۔۔۔۔۔۔استعمال کرنا چاہئے۔

(الف)کم از کم (ب)زیادہ سے زیادہ

(ج)بہترین (د)ضائع

۷)تجارت کو اپنے۔۔۔۔۔۔۔کو مناسب ترقی کے مواقع پیش کرنا چاہئے۔

(الف)ملازمین (ب)صارفین

(ج)سرمایہ کار (د)حکومت

۸)عالمی صارفین دن۔۔۔۔۔۔۔کو منایا جاتا ہے۔

(الف)۲۴دسمبر (ب)۲۶جنوری

(ج)۱۵مارچ (د)۲۸فروری

۹) سمجھوتے کے ذریعے صارف کے تنازعہ کو حل کرنے کیلئے حکومت نے۔۔۔۔۔۔۔ قائم کیا ہے۔

(الف)ضلعی فورم (ب)لوک عدالت

(ج)صارفین کی تنظیم (د)P.I.Lعام مفادی عدالت

۱۰)لفظ مارکیٹ۔۔۔۔۔۔۔لفظ مارکٹس(Marcatus)سے اخذ کیا گیا ہے۔

(الف)فرانسیسی (ب)لاطینی

(ج)اٹالین (د)جاپانی

۱۱)ادارے کے تمام ممبر کو۔۔۔۔۔۔۔۔حکم حاصل ہونا چاہئے۔

(الف) ایک نگراں (ب)دو نگراں

(ج)کئی نگراں (د)تمام نگراں

۱۲)انتظامیہ کے کام کی ابتداء۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے ساتھ ہوتی ہے۔

(الف)ہدایت کاری (ب)عملہ کاری

(ج) قابو کاری (د) منصوبہ بندی

۱۳)۔۔۔۔۔۔۔۔کا کام ملازمین کی مدد سے منصوبہ پر کاروائی کرنے کے لئے حمایت کرتا ہے۔

(الف) ہدایت کاری (ب) عملہ کاری

(ج) رابطہ کاری (د) منصوبہ بندی

۱۴) گھر کے دروازے تک کی خدمات۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نقل وحمل کے ذریعہ مہیا کی جاتی ہے۔

(الف) ریلوے (ب) سڑک

(ج) فضائی (د) میٹرو

۱۵) بیمہ کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اصول زندگی بیمہ کے لئے قابل اطلاق نہیں ہے۔

(الف) قابل مفاد (ب) قابل اعتماد

(ج) تلافی نقصان (د) تسکین نقصان

۱۶)۔۔۔۔۔۔۔کے درمیان لین دین (کاروبار) صارف سے صارف کے درمیان ہوتی ہے۔

(الف)B2B (ب)C2C

(ج)B2C (د)A2Z

۱۷) کسی دوسرے سے یا کسی اور سے تجارتی کام کا معاہدہ کرنے کا مرحلہ۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(الف) بیرونی ذرائع Outsourcing (ب) لین دین

(ج) ای۔ تجارت (د) سودا

۱۸) ٹیکس کی وقت پر ادائیگی یہ تجارت کی ذمہ داری برائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(الف) حصص دار (ب) صارف

(ج) حکومت (د) سماج

۱۹) تجار سوسائٹی کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہوتے ہیں۔

(الف)امیدوار (ب)رہنما

(ج)متولی(ٹرسٹی) (د)ایجنٹ

۲۰)تجارت کو متواتر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو معلومات مہیا کرنا چاہیے۔

(الف) حصص داران (ب)صارفین

(ج)حکومت (د)ملازمین

۲۱)بھارت میں صارف تحفظ ایکٹ کی ابتداء۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ہوئی۔

(الف)۱۹۹۶ (ب)۱۹۴۷

(ج)۱۹۸۶ (د)۱۹۸۹

۲۲)ریاستی کمیشن صارفین کی شکایت ہر اس وقت غور کرتی ہے جب ہرجانے کی رقم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے کم ہو۔

(الف)ا کروڑ (ب)۱۰ کروڑ

(ج)۲۰لاکھ (د)۵لاکھ

۲۳)جلد خراب ہونے والی اشیاء جیسے سبزیاں، پھل، دودھ وغیرہ کی فروخت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے بازار میں ہوتی ہے۔

(الف)اشیاء کی پیداوار کرنے والے (ب) تھوک فروش

(ج)گاہک (د)بین الاقوامی

۲۴)ضلعی کمیشن/فورم کا صدر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہوتا ہے۔

(الف) ضلعی جج (ب)ہائی کورٹ جج

(ج)سپریم کورٹ جج (د)چیف جسٹس

۲۵)صارفین کے جھگڑے/تنازعہ کو قانون کے مطابق حل کرنے والی سب سے اعلی اقتدار/اختیار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو ہوتا ہے۔

(الف)ریاستی کمیشن (ب) قومی کمیشن

(ج) ضلعی کمیشن (د)لوک عدالت

(B)جوڑیاں لگائیں۔ B] Match the pair (5*1=5)

| (ب) | (الف) |
|---|---|
| ۱)دکھائی دینے والی | الف)ہنری فیول |
| ۲)وقت کی افادیت | ب)تجارتی خدمات |
| ۳)جرمن انجنیئر | ج)ہدایت کاری |
| ۴)روزگار | د)گودام کاری |
| ۵)رہنمائی/حوصلہ افزائی کرنے کا مرحلہ | ہ)منتظم(تاجر)Entrepreneur |
| ۶)محسوس/نہ دکھائی دینے والی | |
| ۷)جدید انتظامیہ | |
| ۸)جگہ کی افادیت | |
| ۹)خود کی حوصلہ افزائی | |
| ۱۰)کیا کرنا ہے، کیسے کرنا اس کا فیصلہ پیشگی کرنا | |

| (ب) | (الف) |
|---|---|
| ۱)اشیاء کی علیحدہ پہچان | الف)معاشی مقاصد |
| ۲)خدماتی | ب)بیرونی ذرائع(Outsourcing) |
| ۳)اشیاء کا علیحدہ نمبر | ج)برانڈنگ |
| ۴)بیرونی ذرائع کا کاروباری مرحلہ(BPO) | د)ڈیجیٹل نقد(Digital Cash) |
| ۵)منافع کمانا | ہ)صارف کا حق |
| ۶)سماج کی خدمات کرنا | |
| ۷)معلومات حاصل کرنے کا حق | |
| ۸)ہر جگہ سے اخراج | |
| ۹)RTO | |
| ۱۰)سائبر اسپیس(Cyber Space) | |

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| الف)منصوبہ بندی | ا)دیگر وسائل |
| ب) تنظیم کاری | ۲)۱۹۵۶ |
| ج)عملہ کاری | ۳)مقررہ میعادی ضمانت |
| د)ترسیلاتِ زر(Money Remittances) | ۴)کیا کرنا ہے، کیسے کرنا ہے، کب کرنا ہے؟ |
| ہ)صارف تحفظ قانون | ۵)آخری کام |
| | ۶)وسائل کا تعین کرنا |
| | ۷)موازنہ کرنا |
| | ۸)انتخاب کرنا،اجرت دینا |
| | ۹)۱۹۸۶ |
| | ۱۰)Western Union Fund Transfer |

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| الف)اختیار کاری/کنڑول کاری | ا)اچھے قسم کی اشیاء |
| ب)بازار کا بادشاہ | ۲) نظم وضبط کا احترام |
| ج)ملازمین | ۳)پہلہ مرحلہ |
| د)حکومت کیلئے ذمہ داری | ۴)صارف |
| ہ)سرمایہ کاروں کیلئے ذمہ داری | ۵)نوکری کی ضمانت |
| | ۶)آخری مرحلہ |
| | ۷)تاجر |
| | ۸)سماج کی خدمت کرنا |
| | ۹)قرض کی ادائیگی |
| | ۱۰)اختیار |

**ج)مندرجہ ذیل جملے کی اصطلاح یالفظ یافقرہ لکھیئے۔.C] Give one word/ Phrase /Term (5*1=5)**

۱۔ہر چیز کے لئے جگہ اور ہر چیز اپنی جگہ کا بُنیادی اُصول۔

۲۔پہلے سے طے شدہ معیاری کارکردگی کا اصل کارکردگی سے موازنہ کرنے کا مرحلہ۔

۳۔کام کی تکمیل کے لئے ملازمین کی رہبری کرنے کا مرحلہ۔

۴۔تقرر کرنا،انتخاب کرنا،تربیت دینا،اور اجرت دینے کا مرحلہ۔

۵۔مناسب اجرت پر صحیح شخص کو نوکری دینا۔

۶۔ایسا ملازم جسے تنظیم کی جانب سے اختیارات اور حمایت حاصل ہے کہ وہ اپنی تخلیقی خیالات کو لاگو کر سکتا ہے۔

۷۔وہ گودام جو مرکزی اور ریاستی حکومت یا عوامی اقتدار کی ملکیت،انتظام اور کنٹرول میں ہوتا ہے۔

۸۔ایک شخص سے دوسرے شخص میں خیالات، معلومات، حقیقت کے تبادلہ کا ہنر۔

۹۔انٹرنیٹ کی مدد سے کی جانے والی لین دین۔

۱۰۔آن لائن لین دین کا پہلا مرحلہ۔

۱۱۔مخصوص ایجنسی سے تجارتی کام کے معاہدہ کا مرحلہ۔

۱۲۔BPO کی اقدار کے ساتھ کی گئی خدمات میں قانونی کام شامل ہو۔

۱۳۔مہاتما گاندھی کے ذریعے بیان کیا گیا فلسفہ جس کا تعلق سماجی ذمہ داری سے ہے۔

۱۴۔تجارت کے اختیارات اور ذمہ داری(Obligations)جس کا تعلق سماجی فلاح و بہبود سے ہو۔

۱۵۔تجارتی ادارے کی سرمایہ کاری پر مناسب واپسی کرنا اس ادارے کی ذمہ داری ہے۔جو جماعت کے لئے مہیا کرتی ہے۔

۱۶۔منافع کے ذریعے حوصلہ افزائی کی سرگرمی۔

۱۷۔ایسی تنظیم جس کا مقصد عوام کی فلاح و بہبود کو بڑھاوا دینا ہے۔

۱۸۔صارف کا حق جس کا تعلق اس کی صحت اور زندگی کے تحفظ سے ہے۔

۱۹۔بازار جہاں ایک ملک میں تیار کی جانے والی اشیاء جو دوسرے ملک میں فروخت کی جائے۔

۲۰۔ایک جیسی اشیاء پر علیحدہ نام دینا۔

**D] State whether the following statements are True or False. (5*1=5)**

**د): درج ذیل جملے صحیح ہے یا غلط لکھئے۔**

۱۔انتظامیہ کے اُصول کی نوعیت عالمی ہے۔

۲۔انتظامیہ کے اصول کا استعمال مختلف حالات میں مختلف طریقہ سے ہوتا ہے۔

۳۔ہنری فیول نے انتظامیہ کی مختلف ٹیکنیک پیش کی ہے۔

۴۔انتظامیہ کا ہر کام منصوبہ بندی کی بنیاد پر نہیں ہوتا ہے۔

۵۔تنظیمی سرگرمیوں کے آسانی سے بہاؤ کے لئے آپسی تعاون ضروری نہیں۔

۶۔رابطہ کاری ملازمین کی حوصلہ افزائی کر کے دیے گئے کام کو مکمل کرنے کی کی ابتداء کرتا ہے۔

۷۔منتظم/تاجر محنت کا کام کرنے کے لئے راضی نہیں ہونا چاہیے۔

۸۔کامیاب تاجر حساب سے خطرہ برداشت کرتا ہے۔

۹۔بھارت شروع کروStartup India یہ حکومت فرانس کی ابتداء ہے۔

۱۰۔جاری کھاتہ Current A/C تنخواہ دار کھولتے ہیں۔

۱۱۔ NEFTیعنی قومی برقی فنڈ کی منتقلی ہے۔

۱۲۔تجارت کی بہ نسبت ای تجارت قائم کرنا آسان ہے۔

۱۳۔LPO سے مراد قانونی مصنوعات اشیاء کے لیے بیرونی ذرائع۔

۱۴۔KPO کے لیے لئے پیشگی تجزیاتی اور ٹیکنکل مہارت کی ضرورت ہوتی ہے۔

۱۵۔تجار سوسائٹی کے متولی (ٹرسٹی) ہوتے ہے۔

۱۶۔عوامی زندگی میں میڈیا کا کوئی کردار نہیں ہے

۱۷۔سماجی ذمہ داری بڑی تجارتی ذمہ داری سے وسیع تر ہے۔

۱۸۔صارف تحفظ ایکٹ کی بھارت میں کوئی ضرورت نہیں ہے۔

۱۹۔لوک عدالت صحیح معنوں میں عوام کی عدالت ہوتی ہے۔

۲۰۔صارف بازار کا بادشاہ ہوتا ہے اس لیے اس کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوتی ہے۔

۲۱۔بازار کی تعریف ضرورت مند خریدار کا کسی اشیاء یا خدمات کے لئے مجموعی مانگ ہے۔

۲۲۔منظم بازار مانگ اور رسد کی قوت کے دباؤ کے مطابق کام کرتی ہے۔

**ہ): غیر متعلق یا بے جوڑ لفظ پہچانئے۔.E] Find the Odd one (5*1=5)**

ا۔منصوبہ بندی، تنظیم کاری، عملہ کاری، تحریر

۲۔انتخاب کرنا، ترتیب دینا، رابطہ کاری، رکھنا/منتخب کرنا۔

۳۔اختیار اور ذمہ داری کا اصول، حرکت کا مطالعہ، کام کی تقسیم کا اصول، نظم و ضبط کا اصول

۴۔بات چیت کرنے والا، جدت پسند، خود شروع کرنے والا، غیر فعال

۵۔ابتدائی کریڈٹ انجمن امداد باہمی، ریاستی انجمن امداد باہمی بینک، ضلعی انجمن امداد باہمی بینک، تبادلہ بینک

۶۔براہ راست ڈاک، رسید ڈاک، تجارتی ڈاک، پارسل

۷۔EXIM, SIDBI, RBI, NABARD

۸۔KPO, LPO, RTO, BPO

۹۔C2C, A2Z, B2C, B2B

۱۰۔ڈیبٹ کارڈ، کریڈٹ کارڈ، ادھار کارڈ، ATM کارڈ

۱۱۔عمدہ قسم کی اشیاء، مناسب قیمت، ایماندار تشہیر، شہر میں بھیڑ بھاڑ سے پرہیز

۱۲۔ٹیکس کی بروقت ادائیگی، بیرونی زرمبادلہ سے آمدنی، سادگی کی تخلیق، سیاسی استحکام

۱۳۔میٹنگ منعقد کرنا، سرمایہ کا مناسب استعمال، اشیاء کی واجبی قیمت، قرض ادا کرنے کی حیثیت اور وقار

۱۴۔ضلعی کمیشن، ریاستی کمیشن، غیر حکومتی ادارہ، قومی کمیشن۔

۱۵۔ ضلعی جج،ہائی کورٹ جج، کمیشنر، سپریم کورٹ جج

۱۶۔ قیمت، عوام، اشتہار، اشیاء

۱۷۔ عوام، اشتہار، طبعی ثبوت، مراحل۔

## جملے مکمل کیجئے۔ F] Complete the sentences. (5*1=5)

۱۔ دیے گئے کام کو دوسروں کے ذریعے مکمل کرنا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

۲۔ انتظامیہ کے کام کی ابتداء۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے ہوتی ہے۔

۳۔ انتظامیہ کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کام سے کاروائی کی ابتداء ہوتی ہے۔

۴۔ منتظم/تاجر ایک شخص ہوتا ہے جو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شروع کرتا ہے۔

۵۔ بھارت شروع کرو Startup India کی ابتداء اور شروعات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ہوئی۔

۶۔۔۔۔۔۔۔ پالیسی میں ایک ہی ملک کی مختلف جہازوں کا ایک ہی پالیسی میں بیمہ کیا جاتا ہے۔

۷۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بینکنگ سے مراد موبائل کی مدد سے بینکنگ خدمات انجام دینا۔

۸۔ ای۔ تجارت E-Business کی اصطلاح۔۔۔۔۔۔۔۔ سے وجود میں آئی۔

۹۔ ای۔ تجارت E-Business کے معنی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے استعمال سے عوام اور مراحل کو جوڑنا۔

۱۰۔ قومی کمیشن کا قیام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حکومت کرتی ہے۔

۱۱۔ ریاستی کمیشن میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ممبران ہوتے ہیں۔

۱۲۔ قومی کمیشن کا صدر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا جج ہوتا ہے۔

۱۳۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایسی جگہ ہے جہاں اشیاء اور خدمات کی خرید و فروخت رقم یا مالیت کے بدلے ہوتی ہے۔

۱۴۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایسی سلیپ ہوتی ہے جو مصنوعات پر چسپاں ہوتی ہے جس میں اشیاء اور اشیاء تیار کرنے والے کی مکمل معلومات ہوتی ہے۔

**ایک جملہ میں جواب دیجئے۔ G] Answer in one sentence. (5*1=5)**

۱۔اصول کے معنی کیا ہے؟

۲۔انتظامیہ کیا ہے؟

۳۔ منصوبہ بندی کیا ہے؟

۴۔ عملہ کاری کیا ہے؟

۵۔ہدایت کاری کیا ہے؟

۶۔ قابو/کنٹرول کرنا کیا ہے؟

۷۔ منتظم/کاروباری(Entrepreneur)تاجر کیا ہے؟

۸۔ڈیبٹ کارڈ کسے کہتے ہیں؟

۹۔ حکومتی گودام(Government warehouse) کیا ہے؟

۱۰۔بیرونی ذرائع کامعاہدہ(Outsourcing) کیا ہے؟

۱۱۔آن لائن لین دین/تجارت(Online Transaction) کیا ہے؟

۱۲۔ڈیجیٹل نقد(Digital Cash) کیا ہے؟

۱۳۔بیرونی ذرائع کے تجارتی مراحل(Business Process Outsourcing) کیا ہے؟

۱۴۔بیرونی ذرائع کے قانونی مراحل(Legal Process outsourcing) کیا ہے؟

۱۵۔صارف کون ہے؟

۱۶۔صارفین کی شکایتوں کو دور کرنے کے لئے قومی سطح پر کونسی فورم تیار کی گئی ہے؟

۱۷۔بازار کی تعریف بیان کیجئے؟

۱۸۔ برانڈنگ(Branding) سے کیا مراد ہے؟

**H) Correct the underlined word and rewrite the sentences.**

**مندرجہ ذیل جملے میں خط کشیدہ لفظ کو درست کرکے جملے دوبارہ لکھئے۔ (5*1=5)**

۱۔ادارے کے ہر ممبر کو صرف ایک ماتحت سے حکم حاصل ہونا چاہیئے۔

۲۔غیر مرکزیت سے مراد ایک خاص جگہ پر فرائض اور اختیارات کے لئے توجہ مرکوز کرنا۔

۳۔انتظامی ٹیکنیک کا استعمال مختلف حالات میں مختلف طریقہ سے کیا جاتا ہے۔

۴۔تجارتی ماحول کے عوامل ہمیشہ طے شدہ ہوتے ہیں۔

۵۔عملہ کاری کا تعلق مشینوں سے ہوتا ہے۔

۶۔ہدایت کاری ایسا کام ہے جو پہلے سے طے شدہ معیاری کارکردگی کا موازنہ اصل کارکردگی سے کرتا ہے۔

۷۔رابطہ کاری وسائل کی بربادی اور کام کی لاگت کو کنٹرول زیادہ سے زیادہ کرتا ہے۔

۸۔Entrepreneurتاجر جرمن کا لفظ انٹرپرینڈرEntreprenerd سے آیا ہے۔

۹۔منتظم (تاجر) گھر کو بہتر جگہ بناتا ہے جہاں پر صارفین کی ضرورتوں کی تشفی ہو سکے۔

۱۰۔بھارت شروع کرو Startup Indiaاسکیم کے تحت کیا گیا قرض دس سالوں میں واپس کرنا ہوتا ہے۔

۱۱۔زائد ادائیگی کی سہولت بچت کھاتہ دار کے لئے دستیاب ہوتی ہے۔

۱۲۔خدمات کی نوعیت دیکھائی دینے والی ہوتی ہے۔

۱۳۔بیمہ تجارت میں ہونے والے خطرات کو زیادہ سے زیادہ کرنے میں مدد کرتا ہے۔

۱۴۔RTGSسے مراد Reasonable Time Gross Settlement

۱۵۔ای۔ تجارت کی شروعات مشکل ہے۔

۱۶۔ڈیجیٹل نقدDigital Cashپلاسٹک کرنسی کی ایک شکل ہے۔

۱۷۔بہ نسبت تجارت کی قانونی ذمہ داری کے سماجی ذمہ داری ایک تنگ اصطلاح ہے۔

۱۸۔MRP(زیادہ سے زیادہ خوردہ قیمت) ہر پیکٹ پر پرنٹ نہیں ہونا چاہیئے۔

۱۹۔ قومی کمیشن کے حکم کے خلاف ایک درخواست ریاستی کمیشن میں داخل کر سکتے ہیں۔

۲۰۔ ضلعی کمیشن کو عام طور سے عوامی عدالت بھی کہتے ہیں۔

۲۱۔ قومی کمیشن کا قیام ریاستی حکومت کے ذریعہ ہوتا ہے۔

۲۲۔ قومی کمیشن صرف ایسی شکایت پر غور کرتا ہے جس کے اشیاء یا خدمات کی قیمت ایک کروڑ سے زیادہ نہ ہو۔

۲۳۔ برانڈ نگ ایسا مرحلہ ہے جس میں یکساں خصوصیت والی اشیاء اور ایک خوبی کی اشیاء کی جماعت بندی کی جاتی ہے۔

۲۴۔ درجہ بندی کی وجہ سے اشیاء کو ٹوٹنے، خراب ہونے، اور برباد ہونے سے روکا جاتا ہے۔

## مناسب ترتیب میں لکھیئے۔ I) Arrange in proper order.

۱۔ کام کی تقسیم، سلسلہ وار زنجیر، اختیار اور ذمہ داری، مناسب اجرت

۲۔ ہدایت کاری، عملہ کاری، اختیار کاری، رابطہ کاری

۳۔ اختیار کاری، تنظیم کاری، عملہ کاری، منصوبہ بندی

۴۔ مقررہ رقم (Premium)، پالیسی لینا، حادثہ، بھرپائی (Claim)

۵۔ ای۔ میل، کوریئر (Courier)، Inland Letter، رقم کی ترسیلات زر Money Remittance

۶۔ خرید و فروخت، خرید و فروخت کے بعد، پہچانے کا مرحلہ، قبل از خرید و فروخت

۷۔ آرڈر دینا، پہچانے پر نقد Delivery، رجسٹریشن، اشیاء کا انتخاب

۸۔ قومی کمیشن، ضلعی کمیشن، ریاستی کمیشن، لوک عدالت

۹۔ ضلعی جج، سُپریم کورٹ جج، چیف جسٹس آف انڈیا، ہائی کورٹ جج

۱۰۔ لوک عدالت، صارفین تنظیم، شکایت درج کرنے والی تنظیم، P.I.L(Public Interest Litigation)

۱۱۔ قیمت، جگہ، اشیاء/پیداوار، تشہیر

۱۲۔ بازار کی تحقیق، بازار کی منصوبہ بندی، اشیاء کی ترقی

۱۳۔ گریڈنگ Grading، پیکنگ Packing، اشیاء کی قیمت، برانڈ نگ Branding

۱۴۔ تشہیرPromotion، تقسیم، نقل و حمل، گودام کاری

۱۵۔Outsourcing, KPO, BPO, LPO

۱۶۔ صحت مند ماحول کا حق، انتخاب کا حق، تحفظ کا حق، تعلیم کا حق

۱۷۔B2B, B2C, C2C, C2A

**J) Select the correct option and complete the table.** صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے۔

**(5*1=5)**

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| الف)4Ps | ---------- |
| ب)---------- | اعلیٰ سطح |
| ج)---------- | اختیار |
| د)رابطہ کاری | ---------- |
| ہ)ممبران کو حکم | ---------- |

[ای جیرم میک کارتھی(E. Jerome McCarthy)، منصوبہ بندی، سلسلہ وار زنجیر(Scalar Chain)
کم از کم تنازعہ(Conflict), ایک نگراں،]

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| الف)---------- | ای تجارت کا آخری مرحلہ |
| ب)طویل مدتی سرمایہ کی ضرورت کیلئے قرض | ---------- |
| ج)---------- | B2B |
| د)مرکزی بینک | ---------- |
| ہ)---------- | اشیاء اور خصوصیات کے مجموعہ کو متعارف کرنا |

[تجارت سے تجارت، طویل مدتی قرض، ادائیگی کا نظام، ایجاد، اعلیٰ ترین مالیاتی ادارہ]

| (ب) | (الف) |
| --- | --- |
| ---------- | الف) ٹیکس کی بر وقت ادائیگی |
| 3Ps | ب)---------- |
| تنخواہ دار اور تاجروں کے اکاؤنٹ میں روپیہ جمع کرنا | ج)---------- |
| ---------- | د) حصص داران کے لیے ذمہ داریاں |
| ---------- | ہ) ضلعی کمیشن میں ہر جانے کی رقم |

[حکومت کیلئے ذمہ داریاں، ایک کروڑ سے زائد نہ ہو، اسٹاک ایکسچینج میں غیر جانبدارنہ مشق، بار بار روپیہ جمع کرنا،

بُومس اینڈ بِٹ نر(Booms & Bitner)]

**سوال نمبر ۲: درج ذیل کی اصطلاح/تصور پیش کیجئے۔**

۱)ای۔کاروبارE-Business

۲)بیرونی ذرائع کا معلوماتی مرحلہ(KPO)

۳)بازارکاری کا مرکب(Marketing Mix)

۴۔کاروبار سے کاروبار(B2B)

۵۔کاروباری سماجی ذمہ داری(CSR)

۶۔سلسلہ وار زنجیر کا اصول(Principle of Scalar Chain)

۷۔بیرونی ذرائع(Outsourcing)

۸۔لوک عدالت

**سوال نمبر ۳: مندرجہ ذیل کیس/حالات کا مطالعہ کیجئے اور اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔**

۱)مسٹر ہرشد ایک منتظم تاجر ہے، جو ماحول دوست برتن کی پیداوار کرتا ہے اس کی فیکٹری میں خواتین اور مرد دونوں کام کرتے ہیں تمام مرد ملازمین براہ راست مشینوں پر کام کرتے ہیں جبکہ خاتون ملازمین بقچیہ بندی کے محکمہ میں کام کرتے ہیں مسٹر شرتھ بطور مالیاتی منیجر کام کرتا ہے جبکہ نینا بطور HR منیجر کام کرتی ہے۔ جس کا کام ملازمین کو فیکٹری میں تقرری کرنا ہے۔ جس کی بنیاد درج ذیل ہے۔

الف)درج بالا کیس میں انتظامیہ کی کسی ایک اصول کی شناخت کرنا۔

ب)ادارے میں نینا کا عہدہ کیا ہے؟

ج)ادارے کے تمام منصوبہ بندی کا ذمہ دار کون ہے؟

۲)فائن ڈائمنڈ لمیٹیڈ میں 200 ملازمین تین شفٹ میں کام کرتے ہیں۔پہلی شفٹ میں 60 ملازمین،دوسری شفٹ میں 60 ملازمین اور تیسری شفٹ میں 80 ملازمین بغیر مناسب وقفے کے صرف کھانے کے وقفہ اور شفٹ کی تبدیلی کے وقفہ کے ساتھ کام کرتے ہیں، کوئی بھی ملازم وقت مقررہ پر کام نہیں کر پاتا جس کی وجہ نامناسب وقت کا انتظام ہے جس کا نتیجہ دوسری شفٹ کے ملازم کے کام میں تاخیر ہوتی ہے۔

الف) کمپنی کو کس سائنسی انتظامیہ کے اصول پر عمل کرنا ہوگا اس کی شناخت کیجئے۔

ب)دو سائنسی ٹیکنک کی تجویز پیش کیجئے، جس کا استعمال کر کے کمپنی کے کام آسانی سے چلایا جاسکے۔

ج)وقت پر کام کیوں مکمل نہیں ہوتا۔

۳)مسٹر رام ایک ابھرتا ہوا تاجر ہے، جو ایک تجارتی تنظیم کے خاکہ کو تیار کرتا ہے، جس کو کرنے کے لئے لازمی وسائل جیسے زمین، رقم، مشین ،ملازم کو دھیان میں رکھ کر اپنی نئی تجارت شروع کرنا چاہتا ہے وہ مسٹر شیام کا بطور منیجر تقرر کرتا ہے، مسٹر رام تقرری،انتخاب، تربیت، ترقی اور تنخواہ کے تعین کی ذمہ داری مسٹر شیام کو دیتا ہے، مسٹر رام مسٹر شو بھم کا تقرر اس لئے کرتا ہے کہ وہ ملازم کے ذریعے کئے گئے کام کی نگرانی کرے کہ ملازم معیار کے مطابق کام کر رہے ہیں یا نہیں مسٹر شو بھم کو یہ ذمہ داری بھی دی گئی ہے کہ وقت ضرورت ملازمین کی تلافی کے لئے مشورہ بھی دے۔

الف)مسٹر رام نے انتظامیہ کے کون سے کام انجام دیئے۔

ب)مسٹر شام نے انتظامیہ کے کون سے کام انجام دیئے۔

ج)مسٹر شبھم نے انتظامیہ کے کون سے کام انجام دیئے۔

۴)XYZ کمپنی میں مسٹر لیلے اس کے ماتحت ملازمین کو ان کی بہترین کارکردگی کیلئے ہدایت دیتا ہے، رہنمائی کرتا ہے،اور ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔دوسری جانب مسٹر سمیر کے ذمہ تنظیمی مفاد کو حاصل کرنے کیلئے مختلف محکمہ کے ملازمین کے ذریعے کئے گئے کام میں ہم آہنگی پیدا کرنے کیلئے کوشش کرتا ہے۔مسٹر دیسائی کے ذمہ تنظیم میں درکار لازمی وسائل کا انتظام کرنا ہے۔

درج ذیل کام میں کون سا ملازم مصروف ہے لکھئے۔

الف) تنظیم کاری میں کون سا ملازم کام کر رہا ہے؟

ب)ہدایت کاری میں کون سا ملازم کام کر رہا ہے؟

ج)رابطہ کاری میں کون سا ملازم کام کر رہا ہے؟

۵)مسٹر سوہم ایک نوجوان MBA ہے۔مسٹر نوین B.Com گریجویٹ ہے۔مسٹر سوہم گاؤں میں ایک ڈیری فارم شروع کرنا چاہتا ہے۔ مسٹر نوین کسی نجی کمپنی میں کیشیئر کا کام کرنے کی خواہش رکھتا ہے۔

الف)سوہم اور نوین کے مقاصد کو معلوم کیجئے۔

ب)منتظم (تاجر) کی کوئی ایک خاصیت لکھئے۔

ج)کامیاب منتظم (تاجر) بننے کیلئے مسٹر سوہم میں کونسی خوبی ہونا چاہئے۔

٦)مسز ہرشالی نے دو سال قبل ایک تجارت کی شروعات کی۔اس کے گاہک ملک کے مختلف مقامات پر ہیں اس لیے وہ بل کی رقم اس کے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست جمع کرتے ہیں اسی وقت وہ اپنے اسی اکاؤنٹ سے مختلف رقم کی ادئیگی بھی کرتی ہے۔

الف)مسز ہرشالی کا اکاؤنٹ کس قسم کا تھا اس کی شناخت کیجئے۔

ب)مسز ہرشالی کو رقم کی منتقلی کے مختلف جدید طریقے کی معلومات فراہم کیجئے۔

ج)وہ اپنے بینک اکاؤنٹ سے کس قسم کی سہولت حاصل کر سکتی ہے۔

۷)مسٹر جگن ایک تنخواہ دار شخص ہے وہ اپنے دو بچوں کیلئے بیمہ پالیسی لینا چاہتا ہے۔جو اسے اس بات کی ضمانت دے کہ اس کا مکمل تحفظ ہوگا ساتھ ہی ساتھ جب وہ بالغ ہو جائیں تب اس کی مالیاتی ضرورت بھی پوری کرے۔

الف)ایسی پالیسی کی تجویز پیش کیجئے جو اس کے بچوں کی ضرورت پوری کر سکے۔

ب)پالیسی کا فائدہ اٹھانے والا کون ہوگا؟

ج)اس کیس میں کون سا بیمہ کا اصول شامل ہوگا؟

۸)ابھئے نے www.Flipkart.com سے آن لائن کچھ تحفے خریدے اسی وقت شیتل نے e.bay.com سے تحفے خریدے۔

الف)کونسی ویب سائٹ C2C سے تعلق رکھتی ہے۔

ب)کونسی ویب سائٹ B2C سے تعلق رکھتی ہے۔

ج)ابھئے کو پہلے کس مرحلہ کی پیروی کرنا ہوگا؟

۹)لیشونت کمپنی لمیٹیڈ اپنی خاتون اسٹاف کیلئے بچوں کے کیئر کا مرکز اور گھر سے کام کرنے کی سہولتیں دیتا ہے۔انتظامیہ کوئی بھی فیصلہ کرتے وقت مشورہ لیتا ہے چاہے وہ یونین کے ممبران کے ذریعے ہی کیوں نہ ہو۔

الف)اس طرح کا کام کر کے تجارت کس دلچسپی کی جماعت کی سماجی ذمہ داری نبھاتا ہے۔

ب)وہ کونسی اقدار کو پیش کرتا ہے۔

ج)درج بالا کیس میں مالک کونسی ذمہ داری پر عمل کر رہا ہے۔

۱۰)ایک تنظیم پینٹ تیار کرتی اور کئی سالوں سے بازار میں اس کو امتیازی حیثیت حاصل ہے وہ اپنی فیکٹری کے زہریلے اخراج کو ندی میں بہاتا ہے جس سے اطراف کے دیہاتوں میں صحت کا مسئلہ پیدا ہوتا ہے۔

الف)اس تنظیم کے ذریعے کونسی ذمہ داری کو نظرانداز کیا جا رہا ہے۔

ب)وہ کونسی آلودگی پیدا کر رہے ہیں۔

ج)انھیں کونسی احتیاطی تدابیر کرنی چاہئے۔

۱۱)مسٹر اشوک 700 کا جوتا خریدنے کیلئے ایک دکان میں گیا فروخت کار اسے ایک عام کمپنی کا بڑی سائز کا جوتا خریدنے کیلئے دباؤ ڈال رہا ہے اور دعویٰ کر رہا ہے کہ یہ سائز مناسب ہے گھر پر آنے کے بعد اسے معلوم ہوا کہ یہ سائز کافی بڑی ہے۔اس نے دکاندار کو اس جوتے کے بارے میں شکایت درج کی۔دکاندار نے ذخیرہ نہ ہونے کی وجہ سے جوتا دستیاب نہ ہونے تک اسے بدلنے سے انکار کر دیا۔

الف)کونسے حق کی خلاف ورزی کی گئی۔

ب)جس حق کی خلاف ورزی کی گئی اس پر بحث کیجئے۔

ج)مسٹر اشوک اپنی شکایت کہاں درج کرا سکتا ہے۔

۱۲)ناگپور کی مسز میرا نے 50000 روپئے کی واشنگ مشین بغیر کیش میمو اور دو سال کی وارنٹی مدت میں خریدی ایک سال بعد اس نے مشین میں کچھ نقص نوٹ کیا اور کمپنی کو اسے ریپئر کرنے یا اسے بدلنے کے لئے کہا۔کمپنی نے اس کی شکایت نقص ہونے کے باوجود قبول نہیں کی۔

الف)اس کے حق کا تحفظ کرنے کیلئے مناسب بھرپائی کی مشنری کی تجویز و مشورہ دیجئے۔

ب)اگر اس مشنری کے فیصلہ سے وہ مطمئین نہیں ہے تب وہ کہاں اپیل کر سکتی ہے۔

ج)مسز میرا سے واشنگ مشین خریدتے وقت کونسی غلطی ہوئی۔

۱۳) مسٹر X نے قریبی دکان سے اشیاء خریدی۔ مسٹر Y نے ٹوکیو سے موبائل خریدا۔ نندور بار کے مسٹر Z نے دہلی سے الیکٹرونک اشیاء خریدی۔

الف) مسٹر X نے کس قسم کے بازار سے خریداری کی۔

ب) مسٹر Y نے جہاں سے لین دین کی وہ کونسا بازار ہے۔

ج) مسٹر Z نے جہاں سے خریداری کی وہ کس قسم کا بازار ہے۔

۱۴) مسٹر X درآمد اور برآمد تجارت کرتا ہے اس لئے اسے مختلف قسم کی کرنسی درکار ہوتی ہے۔ تجارت کو بڑھانے کیلئے وہ بینک سے قرض لیتا ہے۔ اس نے اپنے فنڈ کی مساوی حصص میں سرمایہ کاری کی ہے۔

الف) مسٹر X نے جہاں سے قرض لیا اس بازار کا نام کیا ہے۔

ب) مسٹر X نے اپنے فنڈ کی سرمایہ کاری جہاں کی اس بازار کا نام کیا ہے۔

ج) بین الاقوامی تجارت کیلئے کونسی کرنسی درکار ہوتی ہے۔

**سوال نمبر ۴: فرق لکھئے۔**

۱) تجارتی بینک اور مرکزی بینک

۲) روایتی کاروبار اور ای۔ کاروبار

۳) ضلعی مجلس اور ریاستی کمیشن

۴) منصوبہ بندی اور اختیار کاری

۵) بیرونی ذرائع کا کاروباری مرحلہ BPO اور کاروباری ذرائع کا معلوماتی مرحلہ KPO

٦) بچت کھاتہ اور جاری کھاتہ

۷) بازار کاری اور فروخت کاری

۸) منصوبہ بندی اور تنظیم کاری

۹) عملہ کاری اور ہدایت کاری

۱۰) متواتر کھاتہ اور مقررہ کھاتہ

**سوال نمبر ۵: مختصر جواب لکھیئے۔**

۱)ہنری فیول کے کوئی پانچ انتظامی اصول بیان کیجئے۔

۲)بینک امانتوں کی چار قسمیں بیان کیجئے۔

۳)سائنسی انتظامیہ کے کوئی پانچ اصول بیان کیجئے۔

۴)کاروباری خدمات کی خصوصیات لکھئے۔

۵)انتظامی اصول کی خصوصیات لکھئے۔

۶)عملہ کاری کی کوئی پانچ اہمیت بیان کیجئے۔

۷)ہدایت کاری کی کوئی پانچ اہمیت بیان کیجئے۔

۸۔ تجارتی بینک کی ابتدائی کام بیان کیجئے۔

۹)ای بینکنگ کی خدمات بیان کیجئے۔

**سوانمبر۶: درج ذیل بیان کا تجزیہ کیجئے۔**

۱)منصوبہ بندی انتظامیہ کا بنیادی کام ہے۔

۲)منتظم کاری خود روزگار کا بہترین ذریعہ ہے۔

۳)اختیار کاری انتظامیہ کا آخری کام ہے۔

۴)تلافی نقصان کا اصول زندگی بیمہ کے لئے نہیں ہے۔

۵)کاروبار کے لئے ضروری ہیکہ ملازمین کو انتظامیہ میں شریک کریں۔

۶)ملازمین کو انتظامی کاموں میں شریک کرنا کاروبار کی ذمہ داری ہے۔

۷)ATM مشین سے کسی بھی وقت رقم نکالی جاسکتی ہے۔

۸۔ کاروبار کے تعلق سے سماج کی امیدیں تبدیل ہو رہی ہے۔

۹)مناسب شخص، مناسب جگہ، مناسب تنخواہ عملہ کاری کا بنیادی کام ہے۔

۱۰) جاری کھاتہ کاروباری افراد کے لئے مناسب ہے۔

۱۱) انتظامیہ کی ہر سطح اور کاموں میں ہم آہنگی تنظیم کی کامیابی کی بنیاد ہے۔

۱۲) تخلیق کاری کی مدد سے کسان اپنے ذرعی سیاحتی کاروبار میں ترقی کر سکتے ہیں۔

۱۳) گودام کاری تجارت کیلئے ضروری ہے۔

۱۴) کاروباری تنظیم پر میڈیا کا بہت اہم کردار ہوتا ہے۔

**سوال نمبر ۷: درج ذیل کے جواب لکھئے۔**

۱) تجارتی بینک کے افادے کے کام Utility Function بیان کیجئے۔

۲) صارفین کے حقوق بیان کیجئے۔

۳) صارفین حفاظت میں NGO غیر حکومتی ادارہ کا کردار لکھئے۔

۴) Standardisation معیار اور Grading درجہ بندی بیان کیجئے۔

۵) گودام کی قسمیں لکھئے۔

۶) ضلعی مجلس کا مالیاتی دائرہ کار اور ترتیب بیان کیجئے۔

۷) Packaging اور labelling بیان کیجئے۔

۸) گودام کاری کے کام بیان کیجئے۔

**سوال نمبر ۸: مفصل جواب لکھئے۔**

۱) بینک کی تعریف لکھئے۔ بینک کی مختلف قسمیں بیان کیجئے۔

۲) بازارکاری (Marketing) کی تعریف لکھئے۔ بازار کے مختلف تصورات مفصل بیان کیجئے۔

۳) بیمہ کی تعریف لکھئے اور اس کی مختلف اصول بیان کیجئے۔

۴) Marketing Mix کے 7P's بیان کیجئے۔

۵) بازارکاری کے مختلف کام مفصل لکھئے۔

۶) بازار کاری کی اہمیت سماج اور صارفین کے لئے بیان کیجئے۔

۷) گودام کی تعریف اور اس کے مختلف کام بیان کیجئے۔

۸) بینک کی تعریف اور اس کے ابتدائی وثانوی کام بیان کیجئے۔